| تیسری سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام ______ | ہفتہ: 6 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: دوسروں کا احترام

## حاصلاتِ تعلم:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- جان سکیں کہ تمام انسان حقوق کے لحاظ سے برابر اور اہم ہیں۔
- یہ جان سکیں کہ تمام انسان ایک جیسے ہوتے ہیں لیکن خاندان، مذہب اور ثقافت وغیرہ کی بنیاد پر مختلف ہیں اور سب قابل عزت ہیں۔
- پہچان سکیں کہ تمام انسان پیدائشی لحاظ سے برابر ہیں اور عزت واحترام کے قابل ہیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان "دوسروں کا احترام" نمایاں کر کے لکھیں۔

کمرہ جماعت میں موجود چند طلبہ کو دعوت دیں جن کے بالوں کے رنگ، قد اور آنکھوں کا رنگ مختلف ہوں۔ ان طلبہ کو انگلی کے اشارے سے باری باری نمایاں کریں اور باقی طلبہ سے پوچھیں:

طلبہ سے پوچھیں:

- کس بچے کا قد دوسرے بچے سے بڑا ہے یا چھوٹا ہے۔۔۔؟
- کس کے بالوں کا رنگ کالا یا بھورا ہے۔۔۔؟
- کس کی آنکھوں کا رنگ دوسرے سے مختلف ہے؟

طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں اور انھیں بولنے کا بھرپور موقع دیں۔

## طریقہ تدریس: 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- انھیں ہدایت دیں کہ ہمیں ایک دوسرے کے ساتھ عزت واحترام کے ساتھ رہنا چاہیے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ہم سب انسانوں کو برابر پیدا کیا ہے کوئی کسی سے بڑا یا چھوٹا نہیں ہے۔

- طلبہ کے سامنے وضاحت کریں کہ ہم ایک معاشرے یا گروہ کی صورت میں مل جل کر رہتے ہیں۔انھیں بتائیں کہ اللہ تعالیٰ نے ہر انسان کو عقل عطا کی ہے جس کی وجہ سے وہ باقی تمام مخلوقات سے افضل مخلوق ہے۔اس کی مثال طلبہ کو دیں کہ جانوروں، پرندوں اور حشرات میں انسانوں جیسا علم و شعور نہیں ہے اور نہ ہی وہ ہماری طرح سوچ سمجھ رکھتے ہیں۔
- طلبہ کو دفلیش کارڈز دکھائیں اور اس کے بارے میں پوچھیں کہ اس تصویر میں بچے ایک دوسرے سے کیسے مختلف نظر آرہے ہیں؟ طلبہ کی جواب دینے میں حوصلہ افزائی کریں اور انھیں مدد فراہم کریں۔
- انھیں فلیش کارڈز دکھائیں اور پوچھیں کہ ان تصاویر میں کیا دکھایا گیا ہے۔
- انھیں فلیش کارڈز کی مدد سے بتائیں کہ ہم سب مسلمان بھائی بھائی ہیں۔انھیں بتائیں کہ انسان آپس میں مختلف بھی ہوتے ہیں اور ملتے جلتے بھی ہیں۔ ہر انسان کا قد، آنکھوں کا رنگ، بالوں کا رنگ ایک دوسرے سے چاہے کتنا ہی مختلف کیوں نہ ہوں وہ قابل احترام ہے۔
- طلبہ کو ان تصاویر میں موجود بچوں کی مثال دیتے ہوئے بتائیں کہ اس تصویر میں موجود یہ بچہ دوسرے سے رنگ، خدوخال کے اعتبار سے مختلف ہے لیکن یہ سب آپس میں مل جل کر رہتے ہیں۔ ہمیں چاہیے کہ ہم ایک دوسرے سے چاہے کتنے ہی مختلف کیوں نہ ہوں ہمیں ایک دوسرے کے احترام اور عزت میں فرق نہیں کرنا چاہیے۔
- طلبہ کو بتائیں کہ ہر انسان کی سوچ اور خیالات دوسرے سے الگ ہوتے ہیں۔ ہر شخص کی کسی چیز پر رائے، پسند، ناپسند ایک دوسرے سے مختلف ہوسکتی ہیں۔اس کی مثال کے لیے طلبہ سے سوال کریں جانچیں جیسا کہ چند طلبہ سے ان کے پسندیدہ مضمون اور اسکی پسندیدگی کی وجہ پوچھیں۔ طلبہ کو جواب دینے کا بھرپور موقع دیں اور حوصلہ افزائی کریں۔اب ان کی رائے کی طرف دوسرے بچوں کی توجہ کروائیں اور انھیں ہدایت دیں کہ ہم نے کچھ طلبہ کی رائے ان کی پسندیدہ مضمون کے بارے میں جانی اور تقریباً ہر بچے کی پسندیدگی کی وجوہات دوسرے سے الگ ہیں۔
- انھیں بتائیں کہ جس طرح ہم اپنے خیالات اور آرادوسرں تک آزادی سے پہنچاتے ہیں اسی طرح یہ ہمارا فرض ہے کہ ہم بھی دوسروں کی بات، رائے سوچ اور خیالات کا احترام کریں۔
- انھیں ہدایت دیں کہ اللہ تعالیٰ کی نظر میں تمام انسان برابر ہیں سوائے ان لوگوں کے جو نیک ہیں اور جو اچھے کام کرتے ہیں۔

- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 64 موجود تصویر دکھائیں اور پوچھیں کہ وہ اس تصویر میں کیا دیکھتے ہیں۔ بچوں کی حوصلہ افزائی کریں اور انھیں بولنے کا موقع دیں۔
- طلبہ کو متن کی مدد سے بتائیں کہ لوگ آپس میں کیسے ایک دوسرے سے مشابہ اور مختلف ہوتے ہیں۔

**اعادہ:** **2منٹ**

آج کے سبق کے اہم نکات کا خلاصہ پیش کریں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

بچوں سے زبانی سوالات پوچھیں:

ہم سب کو کس نے پیدا کیا ہے؟

ہم سب ایک دوسرے سے کس طرح مختلف ہیں؟

کیا آپ دوسروں کی عزت کرتے ہیں؟

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کو دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

طلبہ سے کہیں کہ دوسرے مذہب سے تعلق رکھنے والوں کی عزت کس طرح کر سکتے ہیں۔ ہم جماعت ساتھیوں سے بات چیت کریں۔

| تیسری سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ___ | ہفتہ: 6 | تاریخ: _______ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: دوسروں کا احترام

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- جان سکیں کہ تمام انسان حقوق کے لحاظ سے برابر اور اہم ہیں۔
- یہ جان سکیں کہ تمام انسان ایک جیسے ہوتے ہیں لیکن خاندان، مذہب اور ثقافت وغیرہ کی بنیاد پر مختلف ہیں اور سب قابل عزت ہیں۔
- پہچان سکیں کہ تمام انسان پیدائشی لحاظ سے برابر ہیں اور عزت و احترام کے قابل ہیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان "دوسروں کا احترام" نمایاں کر کے لکھیں۔

طلبہ سے پوچھیں:

- آپ کس مذہب سے تعلق رکھتے ہیں؟
- کیا تمام انسان برابر ہیں؟

طلبہ سے جواب لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 64 سے متن پڑھنے کو کہیں اور مشکل پیش آنے پر ان کی رہنمائی کریں۔
- طلبہ کو مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- انھیں بتائیں ہم میں سے بہت سے طلبہ یا اساتذہ کا مذہب ایک دوسرے سے مختلف ہے لیکن اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ ہم اپنے مذہب سے تعلق رکھنے والے لوگوں کی عزت کریں۔

- تمام انسان پیدائشی لحاظ سے برابر ہیں اور سب ایک جیسے حقوق کے حق دار ہیں۔ سب انسان قابل عزت اور اہم ہیں۔
- طلبہ کو بتائیں ہمیں دوسرے مذاہب، رنگ و نسل اور ثقافت کے بغیر سب انسانوں کی عزت کرنا چاہیے اور آپس میں مل جل کر رہنا چاہیے۔
- طلبہ کو ہدایت کریں کوئی کسی بھی مذہب سے تعلق رکھتا ہو ہمیں ضرورت کے وقت اُس کے کام آنا چاہیے۔ دوسروں کی عبادت گاہوں کا احترام کرنا چاہیے اور نہ کسی کے مذہب کو بُرا بھلا کہنا چاہیے۔
- انھیں بتائیں ہمیں دوسروں کے ساتھ بھی ویسا سلوک کرنا چاہیے جیسا کہ ہم اپنے ساتھ چاہتے ہیں۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| افضل مخلوق | اَف۔ ضَل | نہایت اچھا |
| ثقافت | ثَ۔ قا۔ فَت | کسی طبقے کی تہذیب |
| حق دار | حَق دار | حق رکھنے والا |

**اعادہ:** **2منٹ**

آج کے سبق کے اہم نکات کا خلاصہ پیش کریں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو(ا) کے سوال(ii)اور(iii)طلبہ سے پوچھیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

سوال نمبر ۲ خالی جگہ گھر سے کر کے آئے۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

دوستی کا دن منائیں اور اپنے دوست کے لیے ایک خوبصورت کارڈ لکھیں۔

| تیسری سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ____ | ہفتہ: 6 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

**سبق کا نام: دوسروں کا احترام**

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- ان طریقوں کی نشاندہی کر سکیں جن سے ہم دوسروں کی عزت کر سکتے ہیں۔
- ایسے طریقوں کی نشاندہی کر سکیں جن سے وہ سب کی عزت کریں۔
- ایسے مواقع کی شناخت کر سکیں جب اپنی باری کا انتظار کرنا بہت ضروری ہو (بات چیت کرتے ہوئے، ٹکٹ خریدتے ہوئے، سکول کی کینٹین پر)

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز

**سبق کا تعارف:** **5 منٹ**

تختہ تحریر پر سبق ''دوسروں کی احترام'' نمایاں کر کے لکھیں۔

طلبہ سے پوچھیں:

- ہمیں ایک دوسرے کے ساتھ عزت واحترام کے ساتھ کیوں رہنا چاہیے؟

طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں اور بولنے کا بھرپور موقع دیں۔

**طریقہ تدریس:** **20 منٹ**

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- انھیں بتائیں کہ ہمیں ایک دوسرے کے ساتھ عزت واحترام کے ساتھ رہنا چاہیے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ہم سب انسانوں کو برابر پیدا کیا ہے کوئی کسی سے بڑا یا چھوٹا نہیں ہے۔ طلبہ کو دوسروں کی عزت اور احترام کے طریقے بتائیں۔
- طلبہ کے سامنے وضاحت کریں کہ ہم ایک معاشرے یا گروہ کی صورت میں مل جل کر رہتے ہیں۔ انھیں بتائیں کہ اللہ تعالیٰ نے ہر انسان کو عقل عطا کی ہے جس کی وجہ سے وہ باقی تمام مخلوقات سے افضل مخلوق

ہے۔اس کی مثال طلبہ کو دیں کہ جانوروں، پرندوں اور حشرات میں انسانوں جیسا علم و شعور نہیں ہے اور نہ ہی وہ ہماری طرح سوچ سمجھ رکھتے ہیں۔

- ہمارے پیارے نبی خاتم النبیین ﷺ نے فرمایا: کسی کالے کو کسی گورے پر اور کسی عجمی کو کسی عربی پر کوئی فوقیت حاصل نہیں۔ سوائے تقویٰ کی بنیاد پر۔ (خطبہ حجتہ الوداع)
- طلبہ کو بتائیں کہ بات کرتے ہوئے بھی اپنی باری کا خیال رکھیں۔ دوسروں کی بات توجہ سے سنیں اور ان کی بات نہ کاٹیں۔ جب وہ اپنی بات مکمل کر لیں پھر اپنی بات شروع کریں۔ ہر شخص کی رائے کا احترام کریں۔
- طلبہ سے پوچھیں کہ وہ کن کن جگہوں پر اپنی باری کا انتظار کرتے ہیں۔
- کیا آپ سکول میں داخل ہوتے وقت اور چھٹی کے وقت باہر جاتے ہوئے اپنی باری کا انتظار کرتے ہیں؟
- کیا آپ لائبریری میں کتابیں لینے کے لیے اپنی باری کا انتظار کرتے ہیں؟
- کیا آپ کینٹین سے چیزیں لیتے وقت اپنی باری کا انتظار کرتے ہیں؟
- جماعت میں استانی صاحبہ کے سوال کا جواب دینے کے لیے اپنی باری کا انتظار کرتے ہیں؟
- طلبہ کے جواب سن کر تختہ تحریر پر ایک فہرست بنائیں۔

**اعادہ:** **2منٹ**

آج کے سبق کے اہم نکات کا خلاصہ پیش کریں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے پوچھیں کہ ہمیں کن کن مواقع پر اپنی باری کا انتظار کرنا چاہیے۔۔۔؟ طلبہ کی جواب دینے میں حوصلہ افزائی کریں اور انھیں بولنے کا بھرپور موقع دیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

سبق کی دہرائی کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

طلبہ کو کینٹین پر لے جائیں اور انھیں باری باری چیز لینے کا عملی مظاہرہ کروائیں۔